**14.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

-------------------------------

- ☆ شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے بھارتی ہوائی جہازوں کے بیڑے میں بوئنگ 787طرز کے 34 ہوائی جہازوں کی توسیع شدہ نگرانی کے احکامات دیئے ہیں۔ سرکار کی ایک کمیٹی ہوائی جہازوں کے حادثات کی روک تھام کیلئے کام کاج سے متعلق موجودہ طور طریقوں کا جائزہ لے گی۔
- ☆ منی پور کے پانچ ضلعوں میں سکیورٹی فورسز نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 328غیرقانونی ہتھیار برآمد کئے ہیں۔
- ☆ ایران اور اسرائیل نے ایک دوسرے پر میزائل حملے کئے ہیں۔ تل ابیب، یروشلم اور تہران میں دھماکوں کی آواز سنی گئی۔
- ☆ لندن میں لارڈس کرکٹ گراؤنڈ پر جنوبی افریقہ نے عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ میں آسٹریلیا کو ہرا کر27سال میں پہلا ICC ٹائٹل جیتا ہے۔
- ☆ اور نشانے بازی میں ISSF عالمی کپ میں جرمنی کے شہر میونخ میں بھارت نے چوتھا تمغہ حاصل کیا۔ Arya Borse اور ارجن Babuta نے دس میٹر کے ایئر رائفل مکسڈ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Naidu Ahmedabad Plance Crash**

شہری ہوا بازی کے وزیر K رام موہن نائیڈو نے آج بتایا کہ شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے34بوئنگ787طیاروں کی مزید نگرانی اور معائنے کا حکم دیا ہے جو اس وقت بھارتی طیاروں کے بیڑے میں موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان میں سے آٹھ طیاروں کا پہلے ہی فوری طور پر معائنہ کیا جا چکا ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ واقعہ کی تحقیقات کے لیے مختلف شعبوں کے ماہرین کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بھی تشکیل دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلہ سیکریٹری، اس کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے۔ x

**Air Crash**

حکومت نے جمعرات کو احمد آباد سے لندن جانے والی ایئر انڈیا کی پرواز AI-171کے حادثے کے شکار ہونے کی وجوہات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کثیر شعبہ جاتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا کہ مذکورہ کمیٹی ایسے واقعات اور حادثات کی روک تھام کیلئے جاری کیے گئے معیاری طریقۂ کار اور رہنما خطوط کا جائزہ لے گی۔ یہ کمیٹی مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام کیلئے جامع رہنما خطوط بھی تجویز کرے گی۔ طیارہ حادثے کی تحقیقات جاری ہے اور متعدد ایجنسیاں تحقیقات میں شامل ہوگئی ہیں۔ اس حادثے میں طیارے میں سفر کر رہے 241افراد سمیت کم سے کم 254افراد ہلاک ہوگئے۔ x

**Air India**

ایئر انڈیا، طیارہ حادثے کے مہلوکین اور زندہ بچ جانے والے افراد کے اہل خانہ کو پچیس پچیس لاکھ روپے کی رقم فراہم کرے گی تاکہ فوری طور پر اُن کی مالی ضرورتوں کو پورا کرنے میں مدد مل سکے۔ ایک بیان میں ایئر انڈیا نے کہا ہے کہ یہ رقم، ٹاٹا گروپ کی طرف سے اعلان کردہ ایک کروڑ روپے کی مدد کے علاوہ ہے۔ ایئر انڈیا نے کہا ہے کہ وہ مسافروں کے اہل خانہ کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے، جنہوں نے اِس المناک حادثے میں اپنی جانیں گنوا دیں۔ ایئر انڈیا نے مزید کہا ہے کہ زمینی سطح پر موجود اُس کی ٹیمیں، اِس مشکل گھڑی میں اُن کی دیکھ بھال اور مدد کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔ x

**Manipur Illegal ARMS**

منی پور پولیس اور دیگر سکیورٹی ایجنسیوں کی ایک ٹیم نے غیرقانونی ہتھیاروں کا ذخیرہ کرنے والوں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کل رات پانچ ضلعوں کے مضافات میں تلاشی کی بڑی کارروائی انجام دی اور328غیرقانونی ہتھیار برآمد کئے۔پولیس رپورٹ کے مطابق بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود موجود ہونے کے بارے میں مخصوص خفیہ اطلاع ملنے پر منی پور پولیس، مرکزی مسلح پولیس فورسز اور فوج کی ایک مشترکہ ٹیم نے کارروائی کی اور گولی بارود، دھماکہ خیز مادّے اور دیگر جنگی سامان بھی برآمد کیا۔x

**MP Naxal Encounter**

مدھیہ پردیش میں بالا گھاٹ ضلعے میں واقع Pachama دادر پہاڑیوں میں سکیورٹی فورسز اور نکسلیوں کے درمیان ایک جھڑپ میں تین خاتون کیڈر سمیت چار ماؤنواز مارے گئے ہیں۔ بالا گھاٹ کے سُپرنٹنڈینٹ آف پولیس آدتیہ مشرا نے میڈیا کے سامنے اِس جھڑپ کی تصدیق کی اور بتایا کہ یہ Hawk Force اور مقامی پولیس کی مشترکہ کارروائی تھی۔ پولیس کو جنگلاتی علاقے میں ماؤنوازوں کے موجود ہونے کے بارے میں خفیہ اطلاع ملی تھی، جس کے بعد یہ کارروائی شروع کی گئی۔ ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں، تاہم ہلاک ہونے والے ماؤنوازوں کی شناخت ابھی نہیں ہوپائی ہے۔ پولیس کے ذریعے جائے واقعہ سے چھپا کر رکھے گئے ہتھیار بھی برآمد کیے گئے ہیں۔

**Iran Israel War**

اسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر میزائل حملے کئے ہیں۔ تل ابیب، یروشلم اور تہران میں دھماکوں کی آواز سنی گئی۔ اسرائیل میں ایران کے میزائل حملوں میں کم از کم تین افراد کی موت ہوگئی جبکہ درجنوں زخمی ہوئے۔ ایران نے اسرائیل کے حملوں کے تناظر میں یہ جوابی حملے کئے۔

اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ رات میں ایران کے میزائل حملوں کے نتیجے میں اسرائیل کے سات سپاہی زخمی ہوگئے۔دوسری طرف ایران کے سرکاری میڈیا نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ایران کی فوج کے فضائی دفاعی نظام کے ذریعے اسرائیل کے F-35طرز کے دو لڑاکا جیٹ طیاروں کو مار گرایا گیا جو ایران کی فضائی حدود میں داخل ہوگئے تھے۔ البتہ اسرائیل نے اس دعوے کو غلط قرار دیا ہے۔

ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق اسرائیل کے حملوں میں ایران کی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف کے دو ڈپٹی کمانڈر مارے گئے ہیں۔ ان میں جنرل غلام رضا محرابی اور جنرل مہدی ربّانی شامل ہیں۔ البتہ یہ واضح نہیں ہے کہ یہ دونوں کمانڈر کب مارے گئے۔

اسرائیل کے حملوں میں ایران کے تین اور ایٹمی سائنسدانوں کے مارے جانے کی اطلاع ملی ہے۔ اس سے قبل ایران نے کل بھی اسرائیل کے حملوں میں چھ دیگر ایٹمی سائنسدانوں کے ہلاک ہونے کی اطلاع دی تھی۔

ایران پر اسرائیل کے حملوں میں کل سے اب تک کم از کم 78افراد کی موت ہوچکی ہے۔ ان میں اعلیٰ فوجی عہدیدار بھی شامل ہیں۔

اُدھر اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا ہے کہ اُس نے رات میں ایران میں 150ٹھکانوں پر حملہ کرنے کیلئے سیکڑوں Munitions کا استعمال کیا اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیل کے حملوں سے ایران کے ایٹمی پروگرام کو دھچکا لگا ہے۔

ایران ایٹمی معاملے پر امریکہ کے ساتھ مذاکرات سے بھی علیحدہ ہوگیا ہے۔ ایران نے کہا ہے کہ اسرائیل کے اب تک کے سب سے بڑے فوجی حملے کے بعد ایٹمی پروگرام پر امریکہ کے ساتھ بات چیت کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ اس سے قبل ایران نے اسرائیل کے حملوں میں امریکہ کی ملی بھگت کا الزام لگایا تھا لیکن امریکہ نے اِس الزام کو غلط بتایا ہے۔x

## India Citizens Palestine

بھارت نے فلسطین میں اپنے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ خطے کے موجودہ حالات کے تناظر میں چوکس رہیں اور اپنی سلامتی اور حفاظت کیلئے مقامی طور پر جو تدابیر بتائی گئی ہیں ان پر عمل کریں۔ آج رملّا میں بھارت کے نمائندہ دفتر نے ایک ایڈوائزری جاری ہے اور سبھی بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ احتیاط سے کام لیں اور غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں۔ کسی طرح کی ایمرجنسی کی صورت میں بھارتی شہری متعلقہ نمائندہ دفتر سے اس نمبر پر رجوع کرسکتے ہیں:

پلس نو سات صفر پانچ – نو دو نو ایک – چھ چار ایک آٹھ

## MEA Israel and Iran

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم نے اسرائیل اور ایران کے درمیان حالات و واقعات کے بارے میں ایک بیان جاری کیا ہے اور بھارت کے موقف کو پہلے ہی واضح کیا جاچکا ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔

شنگھائی تعاون تنظیم کے بارے میں ایک بیان میں وزارت خارجہ نے زور دے کر کہا ہے کہ کشیدگی دور کرنے اور حالات کو بگڑنے سے روکنے کی خاطر مذاکرات اور سفارتکاری کے وسیلے بروئے کار لائے جانے چاہئیں اور یہ بات ضروری ہے کہ بین الاقوامی برادری اِس سلسلے میں کوششیں کرے۔

وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ بھارت کے مجموعی موقف سے شنگھائی تعاون تنظیم کے دیگر ممبر ملکوں کو واقف کرا دیا گیا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا ہے کہ اسے ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے بھارت نے شنگھائی تعاون تنظیم کے بیان پر تبادلہ خیال میں حصہ نہیں لیا۔x

## PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی کل قُبرص، کینیڈا اور کروشیا کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ قُبرص کے صدر Nikos Christodoulides کی دعوت پر وزیراعظم مودی کل قبرص کا سرکاری دورہ کریں گے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں جناب مودی کنیڈا کے وزیراعظم Mark Carney کی دعوت پر جی–7 سربراہ اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے 16 جون کو کینیڈا میں Kananaskis کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر اہم عالمی امور پر خیالات کا تبادلہ کریں گے اور متعدد دو طرفہ میٹنگیں کریں گے۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیراعظم مودی 18 جون کو کروشیا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ کروئیشیا کو بھارت– مشرق وسطیٰ– یوروپ اقتصادی راہداری میں ممکنہ شراکت دار ملک کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ اُن کا یہ دورہ، بھارت–کروئیشیا تعلقات میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ ×

## Bihar Ravishankar Delegationi

BJP کے سرکردہ لیڈر اور سابق مرکزی وزیر روی شنکر پرساد نے کہا ہے کہ آپریشن سندور اور پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد سات پارلیمانی وفود کی زیر قیادت سفارتی رابطوں کی پہل سے عالمی پلیٹ فارم پر متفقہ انداز سے بھارت کے موقف کو پُر زور انداز سے پہنچایا گیا ہے۔

آج پٹنہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب پرساد نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے پارٹی وابستگی کے قطع نظر ارکان پارلیمنٹ کو شامل کرنے کا جو فیصلہ کیا تھا، وہ 140 کروڑ بھارتی شہریوں کے مفاد میں تھا۔ جناب روی شنکر پرساد نے کہا کہ کُل جماعتی وفود کے سفارتی رابطے کی اس پہل کے ذریعے بھارت دہشت گردی کے بارے میں اپنی تشویش اور دہشت گردی کی لعنت سے اپنے شہریوں کا دفاع کرنے کے اپنے حق کے تعلق سے عالمی سطح پر اپنا موقف پیش کرسکا ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ مختلف ملکوں میں اِن میٹنگوں کے دوران غیرملکی رہنماؤں، دانشور افراد اور دیگر

اہلکاروں نے ایک آواز میں پہلگام کے وحشیانہ حملوں کی مذمت کی۔

S/B 2100 Ravi Shnkar Prasad 14 SECS

## MP Union Home Minister

بی جے پی کے ارکانِ اسمبلی اور ارکانِ پارلیمنٹ کیلئے تین روزہ تربیتی کیمپ، آج مدھیہ پردیش میں واقع پہاڑی مقام Pachmarhi میں شروع ہوا۔ وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے اِس تربیتی کیمپ کا افتتاح کیا۔ جناب شاہ نے وزراء اور ارکانِ اسمبلی کو غلط بیان بازی سے باز رہنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ غلطیاں ہوتی ہیں تاہم اِس بات کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے کہ غلطیاں دوبارہ نہ ہوں۔ BJP کے تمام وزرا، ارکانِ اسمبلی، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ارکان کے علاوہ ریاستی حکومت، اِس تین روزہ تربیتی کیمپ میں شرکت کر رہی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان بھی اِس پروگرام میں موجود تھے۔ x

## Delhi Assembly Paperless

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج دلّی اسمبلی میں کاغذ سے مبرّا اسمبلی، ای–وِدھان کا سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ ای–وِدھان پروجیکٹ، قانون سازی کی کارکردگی، صلاحیت اور شفافیت کیلئے ٹیکنالوجی کو اپنانے کی جانب ایک قابل ستائش اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی ریاستوں نے پہلے ہی کامیابی کے ساتھ ای–وِدھان نظام کو لاگو کر رکھا ہے۔ جناب رجیجو نے زور دے کر کہا کہ ای–وِدھان اقدام، صرف کاغذ کے بغیر کام کرنا نہیں ہے بلکہ اِس کا مقصد قانون سازی کے عمل میں شفافیت لانا، عوامی شراکت داری، کارکردگی اور ڈیجیٹل سکیورٹی میں اضافہ کرنا بھی ہے۔x

## IMA Dehradun

بھارتی فوج نے آج419نئے نوجوان آفیسروں کا خیر مقدم کیا۔ اتراکھنڈ کے دہرہ دون میں واقع انڈین ملٹری اکیڈمی IMA میں ایک شاندار پاسنگ آؤٹ پریڈ کا اہتمام کیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC: Sakshi Singh

انڈین ملٹری اکیڈمی کے تاریخی Chetwode عمارت میں کُل 451 کیڈٹس نے کمیشنڈ آفیسر بننے کیلئے اپنا آخری قدم اٹھاتے ہوئے فخر کے ساتھ مارچ کیا۔ اِن میں دوست غیرممالک سے تعلق رکھنے والے 32 کیڈٹس بھی شامل تھے، جنہوں نے اپنی ٹریننگ مکمل کی ہے اور اب وہ اپنی اپنی قومی افواج میں خدمات انجام دینے کیلئے واپس جائیں گے۔ اِس پریڈ کا معائنہ، سری لنکا کی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل B.K. جی ایم Lasantha Rodrigo نے کیا، جو کہ بطور جائزہ افسر وہاں موجود تھے۔ ٹریننگ کے دوران مجموعی طور پر بہترین کارکردگی کیلئے باوقار 'Sword

Annie Nehra‘of Honour کو دیا گیا۔ Ronit رنجن نائک نے Order of Merit میں پہلا مقام اور سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ Annie Nehra نے دوسرا مقام، جبکہ انوراگ ورما نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ انہیں کانسے کے تمغے سے نوازا گیا۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

## World Test Championship SA Champion

جنوبی افریقہ نے لندن کے لارڈس کرکٹ گراؤنڈ پر آسٹریلیا کو ہراکر عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ کا فائنل جیت لیا ہے۔ اس طرح جنوبی افریقہ نے 27سال میں اپنا پہلا ICC ٹائٹل جیتا ہے۔ جنوبی افریقہ نے آج کھیل کے چوتھے دن 282رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔ اس میں Aiden Markram کی یادگار سنچری کا اہم رول رہا، جبکہ کپتان Temba Bavuma نے چوٹ لگنے کے باوجود ہاف سنچری بنائی۔ جنوبی افریقہ نے پہلی مرتبہ عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ کا ٹائٹل جیتا ہے۔ اس میچ میں Kagiso Rabada نے عمدہ گیند بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 9وکٹ لئے۔ اس سے قبل جنوبی افریقہ کی ٹیم کئی بار جیتنے کے قریب آتے آتے رہ گئی۔ 1999کے عالمی کپ کے سیمی فائنل میں آسٹریلیا کے ہاتھوں شکست کے بعد جنوبی افریقہ ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا تھا اس کے بعد اپنی سرزمین پر 2003میں بھی اُسے ورلڈ کپ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ 2007میں سری لنکا کے خلاف بارش سے متاثرہ میچ میں وہ ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا تھا۔ اس کے بعد 2011اور 2015کے ورلڈ کپ میں اُسے کوارٹرفائنل اور سیمی فائنل مرحلے میں ٹورنامنٹ سے باہر ہونا پڑا۔ 2022کے ٹی–ٹوینٹی ورلڈ کپ میں جنوبی افریقہ سیمی فائنل میں نہیں پہنچ سکا جبکہ 2023کے کرکٹ ورلڈ کپ میں آسٹریلیا نے اُسے سیمی فائنل میں ہرا کر ٹورنامنٹ سے باہر کردیا۔ 2024کے ٹی–ٹوینٹی ورلڈ کپ میں اُسے بھارت کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔x

## ISSF World Cup Shooting

نشانے بازی میں، جرمنی کے شہر میونخ میں ISSF ورلڈ کپ میں Arya Borse اور ارجن Babuta کی بھارتی جوڑی نے دس میٹر کے ایئر رائفل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ بھارت کا سونے کا یہ دوسرا تمغہ اور اِس ورلڈ کپ میں چوتھا تمغہ ہے۔ اس سے پہلے Suruchi Singh نے سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا جبکہ Sift Kaur Samra اور Elavenil نے اپنے اپنے انفرادی مقابلوں میں کانسے کے تمغے جیتے تھے۔ ابھرتی ہوئی کھلاڑی Suruchi Singh نے خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا جو اِس سیزن میں اُن کا سونے کا چوتھا تمغہ ہے۔x

☆☆☆☆☆☆